We Provide The Standard

5

زندگی گزارنے کے آداب

ائمہ علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں

خصال

شیخ الصدوقؒ

AL-KISA®
PUBLISHERS
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
[illegible]

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	خصال
مؤلف	شیخ الصدوق علیہ الرحمہ
تحقیق وتشریح	محمد باقر کمرہ ای
مترجم	عمران رجانی
مترجم تشریحات	ملیکہ خاتون کاظمی
تزئین وتصحیح	سید فیضیاب علی رضوی
کمپوزنگ	الکساء پبلیشرز (آرٹ ڈیپارٹمنٹ)
اشاعت اول	اکتوبر ۲۰۰۳، رمضان ۱۴۲۳
اشاعت دوئم	جولائی ۲۰۰۸، رجب ۱۴۲۹

We Provide The Standard

AL-KISA®
PUBLISHERS
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
Ph# 021-8205932 E-mail# Alkisapublishers@hotmail.com

﴿اکیسواں باب﴾

[اس باب میں تیس سے اُنتالیس عدد کے متعلق روایتیں ھیں]

﴿۱﴾ **امام علیہ السلام میں تیس علامتیں پائی جاتی ھیں:** محمد ابن ابراہیم ابن اسحٰق طالقانیؒ نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: احمد ابن محمد ابن سعید کوفی نے ہمیں خبر سنائی، علی ابن حسین ابن علی ابن فضال نے اپنے والد کے ذریعہ ہم سے روایت بیان کی کہ امام علی رضاؑ نے فرمایا: امامؑ میں تیس علامتیں پائی جاتی ہیں: اعلم زمانہ ہوگا، دانشمند ترین ہوگا، سب سے زیادہ پرہیز گار ہوگا، سب سے زیادہ بہادر ہوگا، سب سے زیادہ سخی ہوگا، سب سے زیادہ عبادت گزار ہوگا، ختنہ شدہ پیدا ہوگا، پاکیزہ ہوگا، اپنے پیچھے کی چیزوں کو ایسے دیکھے گا جیسے اپنے سامنے والی چیزوں کو دیکھتا ہے، اس کا سایہ نہ ہوگا، شکم مادر سے جب زمین پر آئے گا تو اپنی ہتھیلیوں کے سہارے بیٹھے گا اور شہادتین کے لئے اپنی آواز بلند کرے گا، اسے احتلام نہیں ہوگا، اس کی آنکھ سو جائے گی مگر اس کا قلب نہیں سوئے گا، (فرشتوں سے) باتیں کرنے والا ہوگا، رسول خداؐ کی زرہ اس کے جسم پر چھوٹی بڑی نہ ہوگی، اس کا پیشاب و پاخانہ دیکھا نہیں جائے گا اس لئے کہ اللہ نے زمین کو اس کے فاضل مادّہ کو نگلنے پر مامور کیا ہے، اس کے جسم سے مشک سے بھی بہتر خوشبو آئے گی، لوگوں پر ان کی جانوں سے زیادہ حقدار ہوگا اور اُن پر ان کے ماں باپ سے زیادہ مہربان ہوگا، اللہ کے لئے سب سے زیادہ خشوع و خضوع کا مالک ہوگا، لوگوں کو جس بات کا حکم دے گا اسے خود انجام دیتا ہوگا، جبکہ جس بات سے ان کو روکے گا اس سے سب سے زیادہ پرہیز کرنے والا ہوگا، اس کی دعا مستجاب ہوگی حتیٰ کہ اگر وہ کسی چٹان پر نفرین کرے تو وہ بھی دو ٹکڑے ہو جائے، رسول خداؐ کے ہتھیار اور تلوار — ذوالفقار — اس کے پاس ہوگی، اس کے پاس ایک صحیفہ ہوگا جس میں قیامت تک کے شیعوں کے نام ہوں گے، ایک صحیفہ ایسا بھی ہوگا جس میں اس کے قیامت تک کے دشمنوں کے نام درج ہوں گے، اس کے پاس "جامعہ" ہوگا یعنی ایسا صحیفہ جس کی لمبائی ستر ہاتھ کے برابر ہوگی کہ اس میں اولاد آدم کی ضرورت کی ہر شے ہوگی، اس کے پاس جفر اکبر و جفر اصغر ہوں گے اور یہ بکری اور مینڈھے کی کھالیں ہیں کہ ان میں ہر چیز تحریر ہے حتیٰ خراش کی دیت، ایک، نصف اور ایک تہائی تازیانہ (کی سزا) کے متعلق بھی بتایا گیا ہے اور یہ کہ امامؑ کے پاس مصحف فاطمہؑ ہوگا۔

(ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ امامؑ کو روح القدس کی تائید حاصل ہوتی ہے، اس کے اور اللہ کے درمیان نور کا ستون ہوتا ہے کہ جس میں وہ بندوں کے اعمال دیکھتا ہے اور ہر اپنے عطا کیے گئے طریقہ سے ہر ضرورت کی چیز کا اس میں مطالعہ کرتا ہے۔)

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: ہم پر کشف ہوتا ہے تو ہم جان جاتے ہیں، ہم سے پوشیدہ رکھا جاتا ہے تو ہم نہیں جان پاتے۔ نیز امامؑ پیدا ہوتا ہے اور اس کی بھی اولاد ہوتی ہے، وہ صحت یاب ہوتا ہے تو بیمار بھی، وہ کھاتا ہے، پیتا ہے، پیشاب پھرتا ہے، پاخانہ کرتا ہے، خوش ہوتا ہے، غمگین ہوتا ہے، ہنستا ہے، روتا ہے، اسے موت آتی ہے، اس کی قبر بنائی جاتی ہے اور اس کی زیارت کی جاتی ہے تو اسے جانا جاتا ہے۔ اس کی دو دلیلیں ہیں: علم اور مستجاب الدعوات ہونا۔ اسی طرح وہ پیش آنے والے حادثات کو از قبل جان لیتا ہے اور یہ وہ میراث ہے جو امامؑ کو رسول خداؐ سے آباؤ اجداد کے ذریعے ملی ہے اور رسول خداؐ کو جبرئیلؑ نے علام الغیوب کی طرف سے لا کر دی۔

نبیؐ کے بعد گیارہ کے گیارہ اماموں کو قتل کیا جائے گا، کچھ تلوار سے قتل کیے جائیں گے اور یہ امیر المومنینؑ ہیں اور امام حسینؑ ہیں جبکہ باقی اماموں کو زہر سے شہید کیا جائے گا اور یہ چیز فی الحقیقت ان کے ساتھ پیش آتی ہے۔